# Ilaqai khabrein

# 15-07-26

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے یوتھ ہنر مندی کے عالمی دن کے موقع پر لکھنؤ کے اندرا گاندھی پرتشتھان میں اتر پردیش سکل ڈیولپمنٹ مشن کے زیر اہتمام ریاستی سطح کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ک میں یوپی میں نوجوانوں کی بہت بڑی طاقت ہے

byte

اس تقریب میں وزیر اعلیٰ نے اسکل ڈیولپمنٹ، روزگار اور صنعت سے متعلق کئی مہتواکانکشی اسکیموں کا آغاز کیا۔

**************************************

" ایک قوم، ایک انتخاب" پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے لکھنؤ کے اپنے دورے کے دوسرے دن کل

پریزائیڈنگ افسران، اپوزیشن لیڈروں اور اتر پردیش قانون ساز اسمبلی کے اراکین کے ساتھ بات چیت کی۔ کمیٹی نے نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ اور ریاستی کابینہ کے کچھ وزراء سے بھی بات چیت کی۔ کمیٹی نے مجوزہ ترامیم، قانون سازی کے عمل، آئینی اصولوں، مرکز ریاست تعلقات پر ممکنہ اثرات اور علاقائی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

************************

گورنر آنندی بین پٹیل نے کل لکھنؤ میں سنجے گاندھی پوسٹ گریجویٹ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے 30ویں کانووکیشن کی صدارت کی۔ تقریب میں دو سو اناسی طلباء کو ڈگریاں دی گئیں۔ نمایاں اساتذہ، محققین، معالجین اور طلباء کو مختلف باوقار ایوارڈز اور گولڈ میڈلز سے نوازا گیا۔ اس موقع پر شعبہ نیفرالوجی کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر نارائن پرساد کو گورنر کا گولڈ میڈل پیش کیا گیا۔

***********************************

شری رام جنم بھومی مندر عطیہ غبن کیس میں انسداد بدعنوانی عدالت نے ملزمین راماشنکر مشرا اور سبھاش سریواستو کو چودہ گھنٹے کا پولیس ریمانڈ دے دیا۔ پولیس ٹیم آج ان کو اپنی تحویل میں لے کر پوچھ گچھ کرے گی۔ دریں اثنا، ایودھیا ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے کل ملزم لیوکوش مشرا کے زیر تعمیر مکان پر حتمی نوٹس چسپاں کیا۔ ایودھیا ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے او ایس ڈی مہیندر کمار سنگھ نے کہا کہ انہیں 15 جولائی تک نقشہ اور دیگر ضروری دستاویزات کے ساتھ حاضر ہونے کا حتمی موقع دیا گیا ہے۔مسٹر سنگھ نے کہا کہ اگر مقررہ وقت تک جواب یا درست دستاویزات پیش نہیں کیے گئے تو مزید کارروائی کی جائے گی۔

***********************************

ریاست کے چیف سکریٹری ایس پی گوئل نے تمام حکام اور محکموں کو ای وی چارجنگ اسٹیشنوں کے قیام

کے لیے مناسب زمین کی نشاندہی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اس سلسلے میں کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ پردھان منتری ای ڈرائیو یوجنا (پی ایم-ای-ڈرائیو) اتر پردیش میں صاف، سبز اور پائیدار نقل و حمل کے نظام کو مضبوط بنانے کی طرف ایک اہم پہل ہے۔ انہوں نے ریاست میں جدید پبلک ای وی چارجنگ انفراسٹرکچر کو تیزی سے تیار کرنے کے لیے تمام متعلقہ محکموں اور حکام کی مشترکہ کوششوں پر زور دیا۔

***********************************

ریاستی حکومت نے اسٹیک ہولڈرز کو سہولت فراہم کرنے کے لیے "بیڈ اینڈ بریک فاسٹ اینڈ ہوم اسٹے پالیسی - 2025" کے دفعات میں ترمیم کی ہے

نظرثانی شدہ ایس او پی کے مطابق، ہوم اسٹے اسٹیبلشمنٹ اب کم از کم ایک اور زیادہ سے زیادہ آٹھ کمروں کی رجسٹریشن کر سکتی ہے۔

نو سے زیادہ کمروں والے یونٹ اس پالیسی کے تحت رجسٹریشن کے اہل نہیں ہوں گے۔ ریاستی سیاحت اور ثقافت کے وزیر جیویر سنگھ نے کہا کہ 16 بستروں والے ہاسٹل کو بھی اس زمرے کے تحت اہل سمجھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پورٹل پر ختم ہونے کی تاریخ سے تین ماہ قبل ازخود تجدید کی رجسٹریشن کی جا سکتی ہے۔ شیلیندر شرما نیوز روم سے۔

****************************************

اتر پردیش پولیس بھرتی اور پروموشن بورڈ نے کل سب انسپکٹر (سول پولیس) اور اس کے مساوی عہدوں کے لئے 2025 کی براہ راست بھرتی کے لئے حتمی انتخابی نتائج کا اعلان کیا۔ منتخب امیدواروں کی فہرست ریکروٹمنٹ بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ پر

دستیاب کر دی گئی ہے۔

**************************

اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ (زیرِ انتظام صوبائی حکومت) کے 'اردو آئی اے ایس اسٹڈی سینٹر' میں سول

سروسز کی مفت کوچنگ کے لیے (IAS/PCS) درخواست فارم جمع کرنے کی آخری تاریخوں میں توسیع کر دی گئی ہے۔

اب آن لائن فارم 27 جولائی 2026 تک بھرے جا سکتے ہیں۔ اس سے قبل آخری تاریخ 14 جولائی کو ختم ہو گئی تھی۔ اس کے ساتھ ہی داخلہ امتحان (اینٹرنس ٹیسٹ) کی نئی تاریخ کا بھی اعلان کر دیا گیا ہے، جو اب 2 اگست 2026 کو منعقد ہوگا۔

امتحان کے بعد منتخب ہونے والے طلبہ و طالبات کو مفت کوچنگ کے ساتھ ساتھ ہاسٹل میں رہنے اور کھانے کی سہولت بھی بالکل مفت فراہم کی جائے گی۔ تفصیلی معلومات اور آن لائن درخواست کے لیے طلبہ اکادمی کی ویب سائٹ www.upurduakademi.in پر جا سکتے ہیں۔ یہ اطلاع اکادمی کے ڈائریکٹر انمیش مشرا اور سکریٹری شوکت علی کی جانب سے جاری کی گئی ہے۔

*********************************

یاست میں آئندہ کنور یاترا کی تیاریاں تیزی سے مکمل کی جا رہی ہیں۔ امروہہ میں کنور یاترا کی محفوظ، پرامن اور منظم طریقے سے تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے، ضلع کو 4 سپر زون، 12 زون اور 71 سیکٹرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پوری کنور یاترا کی سی سی ٹی وی کیمروں اور ڈرون سے نگرانی کی جائے گی اور 900 سے زیادہ پولیس اہلکار تعینات ہوں گے۔

*********************************